## ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے کارکن ظفر خان کی شہادت پرالطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔19/جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کے کارکن ظفر خان کی جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں المناک شہادت پر گہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے شہید کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔جناب الطاف حسین نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ شہید کو جنت الفردوس میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ دے۔(آمین)

## آگرہ تاج میں جرائم پیشہ عناصر نے ایم کیوایم کے کارکن ظفر خان کو فائرنگ کرکے شہید کردیا

## شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست نمائندوں کی شرکت،سوئم بدھ کو ہوگا

کراچی۔۔۔19/جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ آگرہ تاج کالونی سیکٹر یوسی 2 کے جواں سال کارکن ظفر خان ولد گل رحمٰن کو علاقے جرائم پیشہ افراد نے اغواء کے بعد فائرنگ کرکے شہید کردیا(اناللہ وانا الیہ راجعون)تفصیلات کے مطابق ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر یوسی 2 کے 35 سالہ کارکن ظفر خان کو علاقے کے جرائم پیشہ افراد نے اغواء کرکے بہیمانہ تشدد کا نشانہ بنایا اور بعد میں فائرنگ کرکے شہید کردیا۔آگرہ تاج میں ظفر خان کی جرائم پیشہ افراد کے ہاتھوں المناک شہادت کے واقعہ پر علاقے کے عوام میں شدید غم وغصہ پایا جارہا ہے۔دریں اثناء ظفر خان شہید کو پیر کے روز میوہ شاہ قبرستان میں آہوں اور سسکیوں کے درمیان سپرد خاک کردیا گیا۔شہید کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست صوبائی مشیر خواجہ اظہارالحسن،صدر ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم محمد دلاور،حق پرست رکن سندھ اسمبلی طاہر قریشی،ایم کیوایم کی کراچی مضافاتی کمیٹی کے انچارج ارشد شاہ،رکن عارف حیدر،حق پرست یوسی ناظمین،کونسلرز،ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر کمیٹی کے ارکان،علاقائی ذمہ داران،کارکنان،ہمدردوں اور شہید کے عزیز واقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ظفر خان شہید کا سوئم مورخہ 21 جنوری بروز بدھ بعد نماز ظہر مبارک مسجد گزری میں ہوگا جس میں شہید کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی۔

## جرائم پیشہ عناصر کے ہاتھوں ظفر خان کی شہادت کا نوٹس لیا جائے،رابطہ کمیٹی

## ظفر خان کی المناک شہادت شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش ہے

کراچی۔۔۔19/جنوری2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم آگرہ تاج کالونی سیکٹر یوسی 2 کے سال کارکن ظفر خان ولد گل رحمٰن کو جرائم پیشہ افراد کی جانب سے اغواء کرکے قتل کرنے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور اس واقعہ کو شہر کا امن تباہ کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ بعض امن دشمن عناصر شہر کا امن تباہ کرنے کیلئے ایم کیوایم کے بے گناہ کارکنان کو اپنی دہشت گردی کا نشانہ بنارہے ہیں اور آگرہ تاج کالونی میں ایم کیوایم کے جواں سال کارکن ظفر خان کا اغواء اور قتل شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کا حصہ ہے جس کی جتنی بھی مذمت کی جائے کم ہے۔رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے کارکنان سے اپیل کی کہ وہ دہشت گردی کے اس واقعہ پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور پرامن رہ کر شہر کا امن خراب کرنے کی سازش کو ناکام بنادیں۔رابطہ کمیٹی نے گورنر سندھ ڈاکٹر عشرت العباد،وزیراعلیٰ سندھ سید قائم علی شاہ ،صوبائی وزیر داخلہ ڈاکٹر ذوالفقار مرزا سے مطالبہ کیا ہے کہ آگرہ تاج کالونی میں جرائم پیشہ افراد کی جانب سے ایم کیوایم کے کارکن ظفر خان ولد گل رحمٰن کے بہیمانہ قتل کا سنجیدگی سے نوٹس لیا جائے اور قتل کی واردات میں ملوث سفاک دہشت گردوں اور ان کے سرپرستوں کو گرفتار کرکے عبرتناک سزادی جائے۔رابطہ کمیٹی نے ظفر خان شہید کے سوگوار لواحقین سے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ظفر خان شہید کو اپنی جوار رحمت میں جگہ عطا فرمائے اور سوگواران صبر جمیل دے۔(آمین)

## مولانا سمیع الحق کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سے ملاقات

کراچی۔۔۔19،جنوری2009ء۔۔۔جمعیت علماء اسلام(س)کے سربراہ مولانا سمیع الحق نے پیر کے روز اپنی جماعت کے دیگر رہنماؤں مولانا اسد تھانوی،قاری عبدالمنان ،مفتی محمد عثمان یار خان اور حافظ احمد علی کے ہمراہ متحدہ قومی موومنٹ کے مرکز نائن زیرو کا دورہ کیا اور ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے ارکان سید شعیب احمد بخاری،شاہد لطیف اور اشفاق منگی سے ملاقات کی۔اس سے قبل جب معزز مہمان نائن زیرو پہنچے تو ارکان رابطہ کمیٹی نے ان کا استقبال کیا۔یہ ملاقات تقریباً ایک گھنٹے تک جاری رہی۔اس موقع پر دونوں جماعتوں کے رہنماؤں کے درمیان ملک کی مجموعی سیاسی صورتحال،صوبہ سرحد میں امن وامان کی صورتحال اور دیگر امور پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔دونوں جماعتوں کے

رہنماؤں نے کراچی اور سرحد میں جاری طالبانائزیشن کے حوالے سے ایک دوسرے کو اپنے اپنے نکتہ نظر سے آگاہ کیا۔اس موقع پر مولانا سمیع الحق نے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں حق پرست رکن سلیم بٹ کے ڈپٹی اسپیکر منتخب ہونے پر متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کے ارکان کو مبارکباد بھی پیش کی۔

## تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے، وسیم اختر، ڈاکٹر صغیر احمد
## کورنگی میں بنگالی ایکشن کمیٹی کے تحت جلسہ سے خطاب

کراچی۔۔۔19 جنوری 2009ء۔۔۔حق پرست رکن قومی اسمبلی وسیم اختر اور حق پرست صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا ہے کہ پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے کیلئے تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے۔ یہ بات انہوں نے اتحاد کالونی کورنگی میں پاکستان بنگالی ایکشن کمیٹی کے زیر اہتمام جنرل ورکرز کنونشن سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔تقریب میں بنگالی بولنے والے پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اس موقع پر مشیر وزیراعلیٰ سندھ خواجہ اظہارالحسن اور رکن سندھ اسمبلی علیم الرحمٰن، کورنگی ٹاؤن کے حق پرست ٹاؤن ناظم عارف خان ایڈوکیٹ اور پاکستان بنگالی ایکشن کمیٹی کے بانی وچیئرمین شیخ محمد فیروز نے بھی خطاب کیا۔رکن قومی اسمبلی وسیم اختر نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ایم کیوایم کی جانب سے قومی اسمبلی میں 18 ویں ترمیم کا بل دراصل صوبائی خودمختاری کے حصول کیلئے ہے اور وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان کو مضبوط و مستحکم بنانے کیلئے تمام صوبوں کو مکمل صوبائی خودمختاری دی جائے۔صوبائی وزیر صحت ڈاکٹر صغیر احمد نے کہا کہ یہ کنونشن اس بات کی تائید کرتا ہے کہ ملک میں بسنے والے تمام مظلوم ایم کیوایم کے پرچم تلے متحد ہیں۔وزیراعلیٰ سندھ کے مشیر خواجہ اظہارالحسن نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک الطاف حسین کی زیر قیادت تمام پاکستانی بنگالیوں کو ان کے حقوق مل کر رہیں گے۔حق پرست ٹاؤن ناظم کورنگی عارف خان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کورنگی میں شناختی کارڈ کے حصول کیلئے نادرا اور عوامی سہولت کیلئے ریلوے ریزرویشن کا دفتر بھی قائم کیا گیا ہے۔شیخ فیروز نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے کراچی کے ہر ٹاؤن میں بسنے والے تمام پاکستانی بنگالیوں کے مسائل کے حل کیلئے عملی جدوجہد کی ہے۔

## کراچی پورٹ ٹرسٹ میں حق پرست یونائیٹڈ لیبر فرنٹ CBA کے
## تاریخی چارٹر آف ڈیمانڈ کی منظوری پر لیبر ڈویژن کا اظہار مسرت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کے انچارج وسیم قریشی ومرکزی کمیٹی کے ارکین نے کراچی پورٹ ٹرسٹ میں حق پرست یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ (CBA) کے دوسرے چارٹرڈ آف ڈیمانڈ کی منظوری پر مسرت کا اظہار کرتے ہوئے کراچی پورٹ ٹرسٹ کی چیئرمین محترمہ نسرین حق اور سی بی اے یونین یونائیٹڈ ورکرز فرنٹ کے عہدیداران اور ادارے میں موجود تمام محنت کشوں کو دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کی ہے۔ایک تہنیتی بیان میں لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے کہا کہ کراچی پورٹ ٹرسٹ میں پہلی مرتبہ حق پرست یونین کو CBA بننے کا شرف حاصل ہوا ہے اور حق پرست نمائندے محنت کشوں کے جائز مسائل کے حل کیلئے اپنا بھرپور کردار ادا کررہے ہیں ۔انہوں نے کہا کہ منظورشدہ چارٹرآف ڈیمانڈ ملازمین کی امنگوں کا امین ہے اس چارٹر میں محنت کشوں کی بنیادی تنخواہوں میں 25 فیصد جبکہ دیگر الاؤنسز میں 15 فیصد اور دیگر مراعات کا اضافہ منظور کرایا گیا ہے جو کراچی پورٹ ٹرسٹ میں منظور ہونیوالے تمام سابقہ چارٹر آف ڈیمانڈ سے زیادہ ہے۔لیبر ڈویژن کے ارکین نے کہا یہ تمام کارنامے ادارے کے محنت کشوں کے مابین اتحاد، یگانگت اور قائد تحریک جناب الطاف حسین ہدایت کے باعث ممکن ہوئے ہیں جنہوں نے ہمیشہ مظلوموں اور محکوموں کو انکی جائز مراعات پہنچانے کا درس دیا ہے۔

## سوئی سدرن گیس کمپنی میں یونین کے انتخاب کیلئے کسی یونین کی حمایت کا فیصلہ نہیں کیا، لیبر ڈویژن کی وضاحت

کراچی۔۔۔18، جنوری 2009ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے کہا ہے کہ سوئی سدرن گیس کمپنی میں یونین کے انتخاب کیلئے ہونیوالے ریفرنڈم میں متحدہ قومی موومنٹ لیبر ڈویژن نے کسی بھی یونین کی حمایت کا اعلان نہیں کیا ہے۔ایک وضاحتی بیان میں لیبر ڈویژن کی مرکزی کمیٹی نے کہا کہ متحدہ قومی موومنٹ سوئی سدرن گیس کمپنی میں یونین کے انتخاب کیلئے ریفرنڈم میں کسی بھی یونین کی حمایت کا اعلان نہیں کیا ہے۔

## متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے، سلیم بٹ، طاہر کھوکھر اور ملک تنویر

## الطاف حسین کا نظریہ آزاد کشمیر کی وادی میں پھیل چکا ہے، سلیم بٹ کی کامیابی کی خوشی میں نکلنے والی ریلی کے شرکاء سے خطاب

مظفر آباد۔۔۔19، جنوری 2009ء۔۔۔آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے نومنتخب ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ یہ بات انہوں نے ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے کارکنان کی جانب سے نکالی جانیوالی ریلی کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ اس موقع پر آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی میں ایم کیو ایم کے پارلیمانی لیڈر و حکومتی وزیر طاہر کھوکھر اور ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر ملک تنویر بھی موجود تھے۔ شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی کے ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ نے کہا کہ، قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ آزاد کشمیر کی وادی میں پھیل چکا ہے اب وہ وقت دور نہیں جب کشمیری عوام کو ان کی دہلیز پر انصاف ملے گا۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین نے مجھ پر جس اعتماد کا اظہار کیا ہے انشاء اللہ میں اس پر پورا اترتے ہوئے آزاد کشمیر کے غریب و متوسط طبقے کے عوام کی بھرپور خدمت کو اپنا شعار بناؤنگا۔ اس موقع پر حکومتی وزیر طاہر کھوکھر اور ملک تنویر نے کہا کہ ہم نے اپوزیشن میں رہ کر بھی مظلوم عوام کے حقوق کا بھرپور تحفظ کیا اور اب اقتدار میں آنے کے بعد بھی عوام کے جائز حقوق کی جدوجہد جاری رکھیں گے۔ انہوں نے ڈپٹی اسپیکر شپ کے انتخاب میں ایم کیو ایم کے نمائندے کا ساتھ دینے پر پاکستان پیپلز پارٹی، مسلم کانفرنس فارورڈ بلاک اور پی ایم ایل کے رہنماؤں و اراکین اسمبلی کا شکریہ بھی ادا کیا۔ ایم کیو ایم کے تحت نکالی گئی ریلی میں آزاد کشمیر کے ذمہ داران اور کارکنان کے علاوہ ہمدرد عوام نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ ریلی کے شرکاء کاروں، موٹر سائیکلوں، جیپوں اور سوزوکیوں پر سوار تھے۔ یہ ریلی آزاد کشمیر کی قانون ساز اسمبلی سے شروع ہوئی اور سائیں سہیلی سرکار کی درگاہ شریف پر اختتام پذیر ہوئی۔ اس موقع پر ریلی کے شرکاء وقفے وقفے سے پرجوش انداز میں جیئے الطاف، جیئے متحدہ کے نعرے لگارہے تھے۔ جبکہ ریلی کے بعض شرکاء نے اپنے ہاتھوں میں پلے کارڈز، ایم کیو ایم کے پرچم اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی تصاویر اٹھا رکھی تھیں۔ بعدازاں ڈپٹی اسپیکر سلیم بٹ، حکومتی وزیر طاہر کھوکھر، ایم کیو ایم آزاد کشمیر کے آرگنائزر ملک تنویر، مرکزی آرگنائزرنگ کمیٹی کے اراکین الطاف اعوان، اشتیاق عباسی، اقبال فاروقی، فاروق عباسی اور ڈاکٹر عرفان نے سائیں سہیلی سرکار درگاہ شریف پر حاضری دی اور قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جانب سے مزار پر پھولوں کی چادر چڑھائی۔

☆☆☆☆☆